# اتفاق رائے پیدا کرنے کا عمل

## اتفاق رائے سے کیا مراد ہے۔

ہم نے لوگوں سے پوچھا کہ ان کے نزدیک اتفاق رائے سے کیا مراد ہے۔ ان کے کچھ جوابات یہاں درج ہیں۔

'صورت حال یا حالات کو بہتر بنانے کیلئے کسی علاقے میں مختلف گروہ جب بحث ومباحثہ کے بعد ایک متفقہ رائے قائم کر لیتے ہیں'

'متفقہ سوچ یا معائدہ کہ آئندہ کیا کرنا ہے۔'

'کسی خاص مسلہ سے متعلق رائے رکھنے والے گروہ کا مشترکہ فیصلہ'



'اتفاق رائے سے مراد کسی نظریہ، رائے یا خیال کے بارے میں سوچ کی یکسانیت ہے۔'

### اتفاق رائے کی تعمیر سے مراد

'تمام متعلقہ لوگوں کے لیے قابل قبول فیصلہ پر پہنچنا ہے جبکہ وہ کسی موضوع یا مسلہ پر مختلف رائے رکھتے ہوں۔'

## اتفاق رائے کی تعمیر کے عمل کے بارے میں

محروم طبقات کی حالت کو بہتر بنانے کیلیے بہت سے لوگوں نے سخت محنت کی ہے۔ ان لوگوں کے پاس بہت مہارت ہوتی ہے۔ جنہوں نے سرکاری اداروں، غیر سرکاری تنظیموں یا ترقیاتی منصوبوں کے ساتھ کام کیا ہوتا ہے۔

ماہی گیروں اور کسانوں کے پاس بھی مہارت ہوتی ہے۔ ان کی اپنی زندگی کے تجربات سے یا ان کے حالات سے یا ان کو تبدیل کرنے کے بارے میں ان کی سوچ سے۔

میں چاہتی ہوں کے لوگ ان مسائل سے آگاہ ہوں جو ہمیں درپیش ہیں۔



اب میں زیادہ پر اُمید ہوں

اگر ہم ہر ایک کی سنیں تو ہم ایسے حل ڈھونڈ سکیں گے جو سب کو قابل قبول ہوں

ماہی گیر اور کسان اپنی زندگی سے متعلق جو کہانیاں ہمیں سناتے ہیں ان سے ہم ان کے تجربات کو گہرائی سے سمجھ سکتے ہیں۔ وہ فیصلہ سازوں کو اپنی خواہشات سے روشناس کر سکتے ہیں اور متاثرین کی زندگیوں کی مشکلات سے آگاہ کر سکتے ہیں جن میں غریب، خواتین، جوان اور مرد جو کہ قبائلی غیر مراعات یافتہ یا محروم طبقات سے تعلق رکھتے ہوں وہ ہمیں پالیسی پر بحث کرنے کیلئے معلومات کا وسیع ذخیرہ مہیا کر سکتے ہیں اور اس طرح پالیسی میں تبدیلی کا باعث بن سکتے ہیں اتفاق رائے کی تعمیر کا عمل وہ جگہ مہیا کرتا ہے جہاں یہ کہانیاں سنائی جا سکتی ہیں تا کہ پالیسی کو بہتر بنا کر غریب لوگوں کی مدد کی جا سکے۔



# اتفاق رائے کی تعمیر کا عمل کیسے کام کرتا ہے۔

سٹریم کا ایک منصوبہ جس کا نام غریب لوگ کے لئے ماہی بانی کی سہولیات مہیا کرنے کیلئے بہتر پالیسی کی جستجو اس پراجیکٹ کو بنانے میں کئی حصہ داران شامل تھے جن میں قبائلی عوام محققین پالیسی بنانے والے اور کسی دوسرے تا کہ قبائلی عوام کو ماہی گیری شروع کرنے میں مدد دی جا سکے۔ مختلف لوگوں کے مختلف نظریات ہوتے ہیں یہ اختلاف اس بات پر ہو سکتا ہے کہ مقصد کیا ہونا چاہئے ایک منصوبہ کی کاروائیاں اور نتیجہ کیا ہونا چاہئے

اور کس کی مدد کرتی ہے اور کیسے کرتی ہے سٹریم نے اتفاق رائے کی تنظیم کا سلسلہ شروع کیا ہے اور اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ ہر ایک کی آواز سنی گئی ہے۔ اس عمل میں گروہ کے ہر رکن کو معلوم تھا کہ دوسرے رکن کون ہیں لیکن ہر ایک نے الگ الگ کام کیا۔ پہلے قدم کے طور پر قومی و ریاستی سطح کے فیصلہ سازوں سے کہا گیا کہ وہ اپنی رائے دیں کہ قانون کو کیا بدلنے کی ضرورت ہے اس سے گروہ کے اندر اس رائے کے حق اور مخالفت میں تاثرات پیدا ہوئے ایک غیر جانبدار شخص نے سہولت ورابطہ کار کے فرائض انجام دیے اس نے سب ارکان کی رائے کو جمع کیا اور انہیں شرکاء کو واپس کر دیا اس طرح انہیں ارکان کے تاثرات دیے گئے لیکن یہ نہیں بتایا گیا کہ کونسے تاثرات کس کی طرف سے ہیں اس طرح ان وہ اس قابل تھے کہ اپنے خیالات کو تبدیل کر سکیں دوسرے کی رائے سے اتفاق یا اختلاف کر سکیں بغیر دوسرے کو جانے اب تمام شرکاء پر لازم تھا کہ سہولت کار کے جمع کیے گئے تاثرات کو قبول کریں اور ان کی حمایت کریں اب یا تو انہیں اپنی رائے کو تبدیل کرتے ہوئے متفقہ رائے کو مان لیں یا اس کو مستند کر دیں اور نئے دلائل دیں تا کہ دوسرے لوگ اپنی رائے کو تبدیل کر سکیں اس طرح اس مخصوص منصوبے میں شرکاء کو کس طرح سے 42 تجاویز مانتے ہوئے قانونی تبدیلی کیلئے سفارشات کے طور پر فیصلہ سازوں کی طرف سے قبول کر لیا گیا۔

## مندرجہ ذیل نقاط اتفاق رائے کی تعمیر کے عمل میں شامل ہوتے ہیں۔

وقت دینا تا کہ تمام حصہ داران کے درمیان با اعتماد اور پائیدار تعلقات قائم ہو سکیں جن میں گروہ کے ارکان، دیہاتی اداروں اور تنظیموں کے لوگ شامل ہیں۔

ایسے لوگوں کو شامل کرنا جو فیصلہ سازی اور خدمات کی فراہمی
انداز نہیں ہو سکتے تا کہ وہ فیصلہ جو غربت میں کمی کیلئے شروع کئے جاتے ہیں ان کو بہتر بنایا جا سکے۔

لوگوں کو مثبت اور حوصلہ افزاء ماحول

مہیا کرنا تا کہ وہ کھل کر اپنے خیالات کا اظہار کر سکیں۔



لوگوں کو وقت اور موقع دینا کہ وہ چیزوں کے مطلب کو سمجھ سکیں
جن میں پیش کیے گئے بانات، سمعی و بصری دستاویزی پروگرام وغیرہ

لوگوں کو موقع دینا کہ وہ تمام کاروائیوں میں برابری کی بنیاد پر حصہ لے سکیں

لوگوں کے خیالات کو سننا اور خاص طور پر غریب لوگوں کے خیالات کو

لوگوں کو ان کے عہدوں و حسب و نسب وغیرہ کے ماحول سے نکلنے کا موقع دینا تا کہ وہ اپنے خیالات کا کھل کر اظہار کر سکیں اس مقصد کیلئے اپنے اپنے فرائض کی جگہ سے علیحدہ کسی دوسرے مقام پر لے جانا ہوتا ہے۔

# ۷ مرحلوں پر مشتمل رائے عامہ کے تعمیری عمل کا جائزہ

با نتے ہیں کہ میں ایک بوڑھی خاتون ہوں اور میں نے زندگی میں کئی چیزیں
ں میں نے یہ کبھی نہیں دیکھا کہ غریب لوگ کبھی قوانین کو تبدیل کروا سکیں۔
ی کر کے مچھلی کی کہانی کو پڑھو اور آپ دیکھیں گی کہ ہم نے قوانین کو کیسے تبدیل کروایا۔

## ۱۔ بنیادی سطح پر صلاح مشورے

ماہی گیروں اور کسانوں کے ساتھ بحث جن میں ۔کسانوں کے گروہوں اور دیہی اسوا دباہمی کی ملاقاتیں ۔
دیہی، دیہی ترقیاتی کی اور بلدیاتی سطح کی ورکشاپ ۔
ضلع، ریاست اور صوبائی سطح کی ورکشاپ ۔

## ۲۔ مسائل اور نقات کو مرتب کرنا

مقامی لوگوں کی طرف سے دستان دیہی کے بعد تجزیات کو تحریری شکل میں مرتب کرنا

## ۳۔ ترجیحات کا تعین

مرتب شدہ مسائل کو مختلف سطح پر فیصلہ سازوں کے سامنے پیش کرنا تا کہ وہ اپنی رائے کے حساب سے اسے اپنی ترجیحات میں شامل کر سکیں

## ۴۔ خلاصہ بتانا ۔

پالیسی سازوں کی ترجیحات کو خلاصہ کی شکل میں پیش کرنا

## ۵۔ حتمی پیشکش

فیصلہ سازوں اور کسانوں کے سامنے حتمی بحث کیلئے ترجیحات کے اختصاریہ کو پیش کرنا ۔

## ۶۔ قوانین کی تبدیلی کا مرحلہ ۔

تیار کیے گیے سفارشات کو قوانین میں تبدیل کرنا ۔

## ۷۔ قوانین میں تبدیلی


دادی ماں اس بڑے جال کے بارے میں کہانی پڑھیے
آپ کو پتہ چلے گا کہ ہم کس طرح قانون کو بدل سکتے ہیں۔






## مہاجال مچھلی پکڑنے کا بڑا جال

یہ مہاجال ڈرامہ سے لئے گئے کچھ مناظر جو کہ مرکزی سطح کے پالیسی سازوں کے سامنے پیش کیا گیا۔ جس میں حقیقی لوگوں کی زندگیوں کے خاکے پیش کیے گئے اور ان مسائل کی نشاندہی کی گئی جو وہ اپنی روزی کمانے میں برداشت کرتے ہیں ان کہانیوں کو پہلے رائے عامہ کی تعمیر کے عمل میں پیش کیا گیا تھا یہ خاکہ لوگوں کے مسائل کو فیصلہ سازوں کے سامنے پیش کرنے کا ایک بہانہ تھا جو سوا سفارشات ان عمل میں پیش کی گئی اُسے فیصلہ سازوں نے قبول کر لیا۔

# رائے عامہ کی تعمیر کے عمل کے کچھ فوائد




بعض اوقات گروہ کے اندر فیصلہ بہت مشکل ہوتا ہے کیونکہ گروہ کے اندر مختلف حیثیت اور شخصیت کے لوگ ہوتے ہیں۔
مثال کے طور پر گروہ کے کچھ لوگ زیادہ بااثر ہوتے ہیں جس کا مطلب ہوتا ہے کہ کچھ آوازیں ہمیں سنی جائیں گی
کچھ لوگ اِن لوگوں کے سامنے بات کرتے ہوئے ڈرتے ہیں جو ان سے کسی بھی حیثیت سے بڑے ہوتے ہیں۔
اتفاق رائے کی تعمیر کے عمل کی تکنیک میں گروہ کے اندر فیصلہ کی خصوصیات بھی موجود ہوتی ہیں جبکہ اس کے نقائص سے بچاؤ بھی ممکن ہے مثلاً کچھ ارکان کا زیادہ بااثر ہونا، سیاسی فوائد، افسر پر تنقید نہیں کی روش۔

لوگوں کو ان کے عہدوں و حسب و نسب وغیرہ کے ماحول سے نکلنے کا موقع دینا تاکہ وہ اپنے خیالات کا کھل کر اظہار کر سکیں اس مقصد کیلئے اپنے اپنے فرائض کی جگہ سے علیحدہ کسی دوسرے مقام پر لے جانا ہوتا ہے۔

## مفید رابطے

### دوسری بہتر مشق کا لائحہ عمل

اس سلسلے میں کئی دوسرے بہتر مشق لائحہ عمل کے کتابچے موجود ہیں جن میں

- ☆ معلومات کے حصول کے جائزہ
- ☆ اتفاق رائے کی تعمیر کا عمل

آپ اپنے ملک کے سٹریم دفتر علاقائی دفتر یا سٹریم کی ویب سائٹ سے
یہ اور اس کے علاوہ دوسری بہتر مشق لائحہ عمل کی کاپیاں حاصل کر سکتے ہیں۔
ے میں ہم آپ کی تجویز اور آرا کا خیر مقدم کریں گے
ریعے آپ سٹریم کے ملکی مواصلاتی منیجر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

### آپ کے ملک میں سٹریم دفتر کا پتہ۔

تیسری منزل، لائیو سٹاک ونگ، خالد پلازہ، بلیو ایریا، اسلام آباد
فون اور فیکس: 051-9212630
ای میل: <streampak@ntc.net.pk>

### سٹریم علاقائی دفتر

معرفت ناکا
کمپلکس محکمہ مچھلی، کیسارٹ یونیورسٹی کیمپس
فالوتھن روڈ، بنکاک ۱۰۹۰۰، تھائی لینڈ
فون 6625611728/29
فیکس 6625611727

ای میل stream@enaca.org
ویب سائٹ کا پتہ: www.streaminitiative.org